**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 30 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۳۰/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ **انتخابی کمیشن کی c VIGIL App پر ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی 79/ ہزار شکایات درج**

☆ **اِنکم ٹیکس محکمے کی جانب سے کانگریس پارٹی کو 1700/کروڑ روپیوں کی ٹیکس ادائیگی سے متعلق نوٹس**

☆ **امراوتی سے پرہار پارٹی کی جانب سے دِنیش بوب کی امیدواری ظاہر جبکہ رام ٹیک سے شیام کمار بروے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار**

**اور**

☆ **جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن میں 924/کلومیٹر طویل راستے پر بجلی سے ریل گاڑی چلانے کا کام مکمل**

**اب خبریں تفصیل سے...**

انتخابی کمیشن کے c VIGIL App پر ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کے تقریباً 79/ ہزار معاملات درج ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اِن میں سے 99/ فیصد شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔ 89/ فیصد شکایات صرف 100/ منٹ میں حل کر دی گئیں۔ کم و بیش 58/ ہزار 500/ شکایات غیر قانونی ہورڈنگز اور بینرز کے خلاف درج کی گئی جبکہ 1400/ شکایات رقم ، تحفے اور شراب کی تقسیم کے خلاف تھیں۔ اِس کے علاوہ شہریان نے کمیشن سے دھمکیاں دینے اور لاؤڈ اسپیکر کا بے قابو استعمال کرنے کی بھی شکایات درج کروائی۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے لیے کانگریس پارٹی نے کل 5 / امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ اِن میں کرناٹک کے 3 / اور راجستھان کے 2 / امیدوار شامل ہے۔ اِسی بیچ انکم ٹیکس محکمے نے کانگریس پارٹی کو 1700 / کروڑ روپیوں کی ٹیکس وصولی سے متعلق نوٹس جاری کی ہے۔ 18 - 2017ء اور سال 21 - 2020ء کے لیے یہ نوٹس دی گئی ہے۔ کانگریس پارٹی نے محکمے کی اِس کارروائی کی مذمت کی ہے۔

***** ***** *****

عام انتخابات میں انتظامیہ کی جانب سے رائے دہی میں اضافے کی خاطر مختلف پروگرامس چلائے جارہے ہیں۔ لاتور ضلع انتخابی افسر اور کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کی ہدایت کے مطابق سوئیپ پروگرام کے ایک حصے کے طور پر 307 / اسکولوں میں طلباء کے سرپرستوں کے اجتماع منعقد کیے گئے۔ اِس نئے پروگرام کے تحت طلباء کے ذریعے سرپرستوں میں رائے دہی کے لیے بیداری پیدا کی گئی۔ سرپرستوں میں رائے دہی کے لیے عہد نامہ تقسیم کیا گیا اور ووٹ دینے کی اہمیت بتائی گئی۔ ساتھ ہی سرپرستوں سے 7 / مئی کے دن رائے دہی کرنے کی اپیل کی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو تعلقے کے گووردھن واڑی ضلع پریشد پرائمری اسکول کے طلباء نے اپنے والدین کو خط لکھ کر ووٹ دینے کی اپیل کی ہے۔ رائے دہی کے لیے بیداری پیدا کرنے کی خاطر اِس اسکول کے طلباء نے اِس طرح تعاون کیا۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر اور انتخابی مرکز کے افسر سچن ہولسورکر نے بتایا کہ رائے دہی کے فیصد میں اضافے کے لیے مختلف سرگرمیاں عمل میں لائی جارہی ہیں اور اِس کے ایک حصے کے طور پر طلباء کے ذریعے عوامی بیداری پیدا کرنے کے لیے خصوصی سرگرمیاں عمل میں لائی گئی۔

***** ***** *****

الیکشن سے متعلق انتظامی کاموں میں بھی تیزی آ گئی ہے۔ پربھنی لوک سبھا حلقے کے چُناؤ کے لیے پربھنی ، گنگاکھیڑ ، پاتھری اور جنتور اسمبلی حلقوں کے پولنگ اسٹیشن عہدے داروں کو کل 2 / نشستوں میں تربیت دی گئی۔ تربیت کے دوران انہیں ووٹنگ مشن ، وی وی پیٹ اور دیگر انتخابی سامان سے متعلق تفصیلی معلومات دی گئی۔

***** ***** *****

ہنگو لی میں کل انتخابی انسپکٹر انور علی نے ضلع رابطہ دفتر کی شکایات کا ازالہ کرنے والے کنٹرول روم کا جائزہ لیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ انھوں نے میڈیکل سرٹفکیشن اینڈ کنٹرول کمیٹی روم کا بھی معائنہ کیا۔

***** ***** *****

بیڑ کی زرعی پیداوار بازار کمیٹی کے ایک حصے کو اسٹرانگ روم کے طور پر طئے کیا گیا ہے۔جس کا ضلع کلکٹر دیپا مُدھوڑ منڈے نے جائزہ لیا۔ 13 رمئی کو ہونے والی رائے دہی کے بعد 4 رجون تک ووٹنگ مشنین اِس مقام پر رکھی جائے گی۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر اور الیکشن ریٹرننگ افسر ابھیجیت راؤت نے کہا ہے کہ ہر انتخابی افسر اور ملازم کے لیے ضروری ہے کہ وہ ''چُناؤ کا پرو دیش کا گرو'' اِس جذبے کے ساتھ انتخابی تربیت لیں۔ وہ کل ناندیڑ میں اِس تعلق سے منعقدہ جائزاتی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

امراوتی لوک سبھا حلقے سے رکن اسمبلی بچو کڑو کی پر ہار پارٹی کی جانب سے سابق کارپوریٹر دِنیش بوب کی امیدواری کا اعلان کیا گیا ہے۔ اِس حلقے سے رکن پارلیمنٹ نونیت رانا' مایوتی کی امیدوار ہوں گی۔مہاوِکاس آگھاڑی نے اِسی حلقے سے کانگریس کے رکن اسمبلی بلونت وانکھیڑے کو میدان میں اُتارا ہے۔ وہیں ونچت بہوجن آگھاڑی سے کماری پراجکتا پلّے بارکو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

رام ٹیک لوک سبھا حلقے سے کانگریس امیدوار رشمی بروے کا ذات صداقت نامہ منسوخ کیے جانے کے بعد اُن کے شوہر شیام کمار دولت بروے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔اِس حلقے سے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 27 رمارچ کو ختم ہوگئی تھی تاہم اِسی دوران شیام کمار بروے نے آزاد حیثیت سے اپنی امیدواری فارم داخل کیا ہے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ساتارا کے موجودہ رکن پارلیمان شری نواس پاٹل نے طبیعت کی خرابی کی وجہ سے چُناؤ میں حصہ لینے سے انکار کر دیا ہے۔ اُن کی جگہ امیدوار طئے کرنے کے لیے راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کی کل میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے بعد پارٹی صدر شرد پوار نے بتایا کہ ساتارا کی نشست ہماری پارٹی کے پاس ہی رہے گی۔ انھوں نے وضاحت کی کہ تبادلۂ خیال کے بعد امیدوار کے نام کا اعلان کیا جائے گا۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلعے کے پارنیر کے رکن اسمبلی نِلیش لنکے نے اپنی اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ انھوں نے لوک سبھا انتخابات میں حصہ لینے کی خاطر استعفیٰ دیا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر ریاست کے تمام حلقوں کی صورتِ حال اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے آ کا شوانی ایک پروگرام ''لوک نِرنئے مہاراشٹراچا'' پیش کرنے جا رہا ہے۔ یہ پروگرام یکم اپریل سے آ کا شوانی ممبئی کے اسمیتا چینل پر شام سات بجے سے ساڑھے سات بجے کے دوران نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام پوڈ کاسٹ چینل آ کا شوانی مراٹھی نیوز کے ساتھ ساتھ آ کا شوانی کے مختلف علاقائی نیوز ڈویژنوں کے سوشل میڈیا اور یو ٹیوب چینلز پر بھی سُنا جا سکے گا۔

***** ***** *****

عیسیٰ علیہ السلام کو سولی چڑھائے جانے کی یاد میں کل گُڈ فرائی ڈے کا تہوار منایا گیا۔ اِس موقعے پر ملک بھر میں مختلف پروگرامس کا انعقاد کیا گیا۔ اِسی مناسبت سے کل چھترپتی سنبھاجی نگر ریلوے اسٹیشن روڈ سے ایک امن ریلی نکالی گئی۔ اسی طرح کل ایسٹر سنڈے ہر جگہ روایتی انداز میں منایا جائے گا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے دیا جانے والا خصوصی ادبی ایوارڈ کل پریشد کے صدر کوتِک راؤ ٹھالے پاٹل کے ہاتھوں چھترپتی سنبھاجی نگر میں دیا گیا۔ ممبئی کے سینئر فنکار راجیو نائک کو نٹوریہ لوٹو پاٹل خصوصی ادبی ڈرامہ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ پونے کے مادھو گاڈ گل کو 2 / دن قبل اُن کی رہائش گاہ پر یشونت راؤ چوہان خصوصی ادبی انعام دیا گیا۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن میں 924 / کلومیٹر طویل راستے پر بجلی سے ریل گاڑی چلانے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ ماضی قریب میں میٹر گیج سے براڈ گیج میں تبدیل کی جانے والی ریلوے لائنس کے علاوہ ناندیڑ ڈویژن کی سبھی براڈ گیج لائنوں کی بجلی کاری مکمل کر لی گئی ہے۔ یہ اطلاع جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن کی جانب سے دی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں موسم خریف 2022ء کے دوران ہونے والے فصلوں کے نقصانات کے ازالے کے طور پر 6 / محصول حلقوں میں 45 / ہزار 10 / کسانوں کے بینک کھاتوں میں 41 / کروڑ 62 / لاکھ روپئے جمع کرنے کے عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اِس میں کڑمب تعلقے کے موہا ‘ دھاراشیو تعلقے کے پاڈولی ‘ تلجاپور تعلقے کے سلگارا اور ساورگاؤں اِسی طرح پرنڈا تعلقے کے انالا اور سوناری یہ محصول حلقے شامل ہیں۔

***** ***** *****

پروفیسر کے عہدے پر تقرر کے لیے ریاستی سطح کے اہلیتی امتحان SET کا آئندہ 7 / اپریل کو انعقاد کیا جائے گا۔ اِس امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواوں کے ایڈمشن کارڈ سیٹ کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیے گئے ہیں۔ یہ امتحان ریاست کے 17 / شہروں میں لیا جا رہا ہے۔ انتخابی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ کے سبب اِس امتحان سے متعلق افواہیں گردش کر رہی تھیں۔ تاہم اِس امتحان کے لیے ایڈمٹ کارڈس جاری ہونے کے بعد ابہام دور ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ کی ضلع کلکٹر دیپا مُدھوڑ منڈے نے کل پانی اور چارے کے قلت کا جائزہ لینے کے لیے میٹنگ کا انعقاد کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے مہا تمام گاندھی روزگار گیرنٹی اسکیم کے تحت تمام نامکمل کام مکمل کرنے کے لیے متعلقین کو ہدایات جاری کیں۔

***** ***** *****

**آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **انتخابی کمیشن کی c VIGIL App پر ضابطہٗ اخلاق کی خلاف ورزی کی79 ہزار شکایات درج**
- ☆ **اِنکم ٹیکس محکمے کی جانب سے کانگریس پارٹی کو 1700 کروڑ روپیوں کی ٹیکس ادائیگی سے متعلق نوٹِس**
- ☆ **امراوتی سے پرہار پارٹی کی جانب سے دِنیش بوب کی امیدواری ظاہر جبکہ رام ٹیک سے شیام کمار بروے مہا وِکاس آگھاڑی کے امیدوار**

**اور**

- ☆ **جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن میں924 کلومیٹر طویل راستے پر بجلی سے ریل گاڑی چلانے کا کام مکمل**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆